**17.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ بھارت اور فرانس نے، ممبئی میں وزیر اعظم نریندر اور ایمانوئیل میخوں کے درمیان بات چیت کے بعد، خصوصی عالمی جامع شراکت داری قائم کی ہے۔ دونوں ملکوں نے دفاع، توانائی اور اہم معدنیات کے علاوہ دیگر کلیدی شعبوں میں 21 سمجھوتوں اور دستاویزات کا تبادلہ کیا۔

☆ وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ آتم نربھر بھارت میں AI کیلئے اُن کا نظریہ خودمختاری، شمولیت اور اختراع پر مبنی ہے۔

☆ الیکٹرانک اور ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ AI سمٹ، مصنوعی ذہانت، بنیادی ڈھانچے اور ٹیکنالوجی میں بھارت کی عالمی شناخت کی واضح عکاسی کرتی ہے۔

☆ H-125لائٹ یوٹیلیٹی ہیلی کاپٹر تیار کرنے کی بھارت کی پہلی آسمبلی لائن کا کرناٹک کے شہر Vemagal میں افتتاح کیا گیا۔

☆ BNP کے سربراہ طارق رحمن کو بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کے طور پر حلف دلایا گیا ہے۔

☆ امریکہ اور ایران نیوکلیائی مذاکرات کا دوسرا دور کر رہے ہیں۔ تہران نے کہا ہے کہ اصل اصولوں پر مفاہمت ہوگئی ہے۔

☆ اور مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں آسٹریلیا ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا ہے۔ زمبابوے، آئرلینڈ کے ساتھ بارش کی وجہ سے میچ نہ ہونے کے بعد سپر 8 کیلئے کوالیفائی کر گیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

## Mumbai PM French Prez Meet

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج فرانس کے ساتھ ایک ''خصوصی عالمی جامع شراکت داری'' کے قیام کا اعلان کیا۔ ممبئی لوک بھون میں فرانس کے صدر ایمانوئیل میخوں کے ساتھ ایک مشترکہ بیان پڑھتے ہوئے انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ شراکت داری صرف جامع ہی نہیں ہے بلکہ آج کی دنیا کی غیر مستحکم صورتحال کے مابین عالمی استحکام اور خوشحالی کیلئے بھی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور فرانس کے درمیان تعلقات بہت خصوصی ہیں، جس میں فرانس بھارت کا قدیم ترین جامع شراکت دار رہا ہے۔

**S/B 2100 PM Indo Franch Strategic Partnership**

دونوں لیڈروں نے ورچوئل طور پر کرناٹک کے **Vemagal** کے مقام پر **H-125** ہیلی کاپٹر فائنل اسمبلی کا افتتاح کیا، جسے ٹاٹا ایڈوانس سسٹم نے ایئر بس کے ساتھ شراکت داری میں قائم کیا ہے۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مسلح افواج اور سابق فوجیوں کے امور کے فرانس کی وزیر کیتھرین **Vautrin** اس مقام پر موجود تھیں۔ جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ ہیلی کاپٹر ایسے پہلے اڑنے والے جہاز ہوں گے جو ماؤنٹ ایوریسٹ کی اونچائی تک پرواز بھریں گے اور اِنھیں دنیا بھر میں برآمد کیا جائے گا۔

**S/B 2100 PM Helicopter**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سال **2026**، بھارت– یوروپ تعلقات میں ایک اہم لمحہ ہے۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان حالیہ آزاد تجارتی معاہدہ، بھارت اور فرانس کے درمیان تعلقات کو بہتر بنائے گا۔

**S/B 2100 PM FTA with EU**

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے فرانس کے صدر ایمانوئیل میخوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت اور فرانس کے درمیان باہمی تعلقات، اعتماد، کھلے پن اور مشترکہ خواہشات پر مبنی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ فرانس، بھارت کا بھروسے مند ساتھی ہونا چاہتا ہے۔وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور بھارت اور فرانس کے وفود کے اراکین اس موقع پر موجود تھے۔بعد میں دونوں لیڈروں نے ممبئی میں بھارت–فرانس اختراعی فورم کا افتتاح بھی کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت–فرانس اختراع کے سال کو صرف ایک تقریب ہی قرار نہیں دیا بلکہ اِسے اختراع اور قیادت کے مشترکہ عہد سے تعبیر کیا۔انھوں نے بتایا کہ فرانس نے، سال **2030** تک **30** ہزار طالب علموں کا خیر مقدم کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔فرانس کے صدر نے ممبئی کے تاریخی تاج محل پیلس ہوٹل میں **26/11** ممبئی کے دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو خراج عقیدت پیش کیا۔اسی دوران، بھارت اور فرانس کے درمیان مجموعی طور پر **21** مفاہمت نامے طے پائے ہیں۔ فریقین نے بہتر کردہ شراکت داری اور ہورائزن **2047** روڈ میپ کے نفاذ کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لینے کیلئے وزراء خارجہ کے سالانہ مذاکرات کے قیام سے بھی اتفاق کیا۔ اِن میں بھارت کی حکومت اور دفاعی تعاون نیز مشترکہ پروجیکٹوں سے متعلق فرانس کی ریپبلک اور **BEL** نیز **Safran** کے درمیان بھارت میں **HAMMER** میزائل تیار کرنے کے معاہدے کی تجدید بھی شامل ہے۔**x**

## [AI India Impact Day-2]

انڈیا **AI** امپیکٹ سمٹ **2026** کے دوسرے دن، ''حکمرانی میں **AI**، حکومتی کارکردگی میں انقلابی تبدیلی'' کے عنوان کے تحت کلیدی اجلاس منعقد ہوئے، جہاں عالمی محققین اور سینئر پالیسی سازوں نے **AI** کے ذریعے عوامی خدمات کی بڑے پیمانے پر فراہمی پر تبادلۂ خیال کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

**VC Aman Yadav**

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوسرے دن، سماجی بہتری اور گلوبل ساؤتھ اشتراک، AI حکمرانی، اخلاقیات اور انضباطی فریم ورک اور مصنوعی ذہانت کے ساتھ ڈیٹا صحت دیکھ بھال اختراع اور اقتصادی کارکردگی اور صنعتوں میں اِس کے استعمال جیسے موضوعات پر پینل مباحثے شامل رہے۔

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے سمٹ کے دوران آج، اسٹریٹجی فار AI اِن ہیلتھ کیئر فار انڈیا، SAHI اور بینچ مارک اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم اِن ہیلتھ AI-BODH کو لانچ کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ بھارت، مصنوعی ذہانت کے ذریعے صحت ٹیکنالوجی کے شعبے میں بڑی جست لگا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت دیکھ بھال کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کا پلیٹ فارم، SAHI ایک قومی روڈ میپ ہے، جو ذمہ دار، اخلاقیات پر مبنی اور عوام مرکوز نقطۂ نظر کو یقینی بناتا ہے، وہیں BODH، فیلڈ میں استعمال کیے جا رہے AI حل کی آزمائش اور تصدیق کے درمیان کے خلاء کو پُر کر رہا ہے۔

نئی دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## PM ANI Interview

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی، انسانیت کی خدمت کیلئے ہے نہ کہ اُس کی جگہ لینے کیلئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا آخری ہدف ''سبھی کی بہبود، سبھی کی خوشحالی'' ہونا چاہیے۔ ایک نیوز ایجنسی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں آج جناب مودی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، تہذیب کے اہم موڑ پر کھڑی ہے۔ x

## Vaishnaw AI Summit

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت سے متعلق نوجوانوں کے مابین انتہائی جوش وخروش پایا جاتا ہے۔ India AI Impact Summit 2026 میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ AI سمٹ میں نظر آنے والی توانائی AI، بنیادی ڈھانچے اور ٹیکنالوجی میں بھارت کی عالمی شناخت کی عکاسی کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جس طرح سے وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو عالمی سطح پر پہنچایا ہے وہ دنیا کی سب سے بڑی AI سمٹ میں صاف نظر آتا ہے۔

**S/B 2045 Ashwini Vaishnaw**

## MIB Jaju AI

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت، AI، داستان گوئی کے فن کو پوری طرح سے بدل رہی ہے۔

نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب جاجو نے کہا کہ

مصنوعی ذہانت کے ذریعے پوری تخلیقی معیت میں بڑے پیمانے پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔سمٹ میں WAVES کریئٹیر کارنر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فنڈز اور اسٹوڈیوز تک رسائی سے محروم نوجوان تخلیق کار، مصنوعی ذہانت کے ذریعے دستیاب ٹیکنالوجی کی بدولت اپنی داستانیں بیان کرنے کے قابل ہوئے ہیں۔ x

## Rajnath France

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج اِس بات پر زور دیا ہے کہ فرانس کے ساتھ طویل مدتی کلیدی شراکت داری سے مختلف شعبوں میں اشتراک کے لامحدود امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ جناب سنگھ، کرناٹک کے Vemagal میں ٹاٹا الیکٹرانکس اور ایئر بَس کے H-125 ہلکے یوٹیلیٹی ہیلی کاپٹر تیار کرنے کے مرکز کا افتتاح کرنے کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ وزیر دفاع نے اِس بات کا ذکر کیا کہ Vemagal میں اِس مرکز کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری موصول ہوئی، جس سے روزگار کے کافی مواقع پیدا ہوئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ واحد انجن والے H-125 ہیلی کاپٹر کو عالمی سطح پر بھروسے مند مانا جاتا ہے اور اِس میں برآمداتی صلاحیت بھی موجود ہے۔x

## Prez AP Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو انٹرنیشنل Fleet Review 2026 (آئی ایف آر) میں شرکت کرنے کیلئے آج شام وشاکھاپٹنم پہنچ گئی ہیں۔ صدر جمہوریہ، INS Dega بحری فضائی اسٹیشن پر اتریں، جہاں آندھراپردیش کے گورنر ایس عبدالنظیر ، نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان، وشاکھاپٹنم کے رُکن پارلیمنٹ M. Sribharat، ضلع کلکٹر ایم این Harendhira پرساد اور مشرقی بحری کمان کے سینئر افسران نے اُن کا پُرجوش خیرمقدم کیا۔مسلح افواج کے سپریم کمانڈر کے طور پر، صدر جمہوریہ بحری بیڑے کا جائزہ لیں گی اور بھارت کی بحری قوت اور سمندری صلاحیتوں کا مشاہدہ کریں گی۔x

## Pradhan CM Shri School

تعلیم کے مرکزی وزیر دھریندر پردھان نے آج نئی دلّی میں 75 سی ایم شری اسکولوں کا افتتاح کیا۔ سروجنی نگر میں سی ایم شری اسکول کے افتتاح کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ سی ایم شری اسکول، معیاری تعلیم اور جدید بنیادی ڈھانچے کو یقینی بناتے ہوئے بنیادی طور پر متوسط طبقوں اور معاشی طور پر کمزور کنبوں کے بچوں کو فائدہ پہنچائیں گے۔جناب پردھان نے مزید کہا کہ دلّی میں 45 لاکھ بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، جن میں 20 لاکھ پرائیویٹ اسکولوں میں اور 25 لاکھ سرکاری اور میونسپل اسکولوں میں پڑھ رہے ہیں۔ x

## Bangladesh PM

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے چیئرمین طارق رحمن نے بنگلہ دیش کے نئے وزیر اعظم کی حیثیت سے آج حلف لیا، جس سے محمد یونس کی قیادت میں عبوری انتظامیہ کے تحت تقریباً 18 مہینے سے جاری غیر یقینی صورتحال ختم ہوگئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Nawal**

ڈھاکہ کے جاتیہ **Sangsad Bhaban** کے ساؤتھ پلازہ میں صدر محمد شہاب الدین نے نئی حکومت کو حلف دلایا، جس سے **Bangabhaban** میں اِس تقریب کے انعقاد کا طویل مدتی سلسلہ ختم ہوا۔ بعد میں 25 کابینی وزراء اور 24صوبائی وزراء کو بھی حلف دلایا گیا، جن کے قلمدان جلد ہی دیئے جائیں گے۔ تقریب میں بھارت کی نمائندگی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے کی۔ حلف برداری کی تقریب کے بعد جناب برلا نے نئے مقرر ہوئے وزیر اعظم کو خیر سگالی کے طور پر ٹیلیفون کیا۔ طارق رحمن، جو سابق صدر ضیاء الرحمن اور سابق وزیر اعظم خالدہ ضیاء کے بیٹے ہیں، 17سال کے بعد لندن سے دسمبر میں ملک واپس آئے تھے۔ اُن کی حلف برداری سے تقریباً دو دہائی کے بعد **BNP** کی قیادت میں ایک مرتبہ پھر حکومت قائم ہوئی ہے اور اگست 2024 میں عوامی لیگ حکومت کے گر جانے کے بعد باضابطہ طور پر محمد یونس کی عبوری انتظامیہ کی جگہ لی ہے۔

بنگلہ دیش سے نول پارمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں محمد اعظم

## Iran US Talks

تہران کے نیوکلیائی پروگرام سے متعلق ایران اور امریکہ کے درمیان دوسرے دور کی بات چیت، سوئٹزر لینڈ کے جینوا میں شروع ہوگئی ہے۔ ایران نے کہا ہے کہ عُمان کی ثالثی سے ہونے والی اِس ملاقات میں، اُس کے نیوکلیائی پروگرام اور امریکہ کی جانب سے نافذ کردہ اقتصادی پابندیوں کو ہٹانے کے امکان پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ تاہم امریکہ نے پہلے ہی اِس بات کا اشارہ دیا تھا کہ وہ ایران کی جانب سے بڑی تعداد میں میزائل اکٹھا کرنے جیسے دیگر معاملات پر بھی بات چیت کرنا چاہتا ہے۔ اِس سے قبل حالیہ بات چیت سے پہلے نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ اُنھیں بھروسہ ہے کہ ایران اپنے نیوکلیائی پروگرام پر معاہدے کا خواہاں ہے۔ امریکہ نے دنیا کے سب سے بڑے جنگی بحری جہاز **USS Grald R Ford** کو بھی مغربی ایشیا روانہ کیا ہے، جو آئندہ ہفتوں میں خطے میں پہنچ جائے گا۔ x

## Crickt T-20

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آسٹریلیا، ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا ہے۔ آج سری لنکا کے **Pallekele** میں موسلا دھار بارش کے سبب زمبابوے اور آئرلینڈ کے درمیان گروپ۔B کا ایک اہم میچ منسوخ ہوجانے کے بعد ایسا ہوا ہے۔ میچ نہ ہو پانے کی وجہ سے آئرلینڈ اور زمبابوے کے درمیان پوائنٹس بَٹ گئے۔ بیِسس پوائنٹس کی بنیاد پر زمبابوے، سُپر–آٹھ مرحلے کیلئے گروپ۔B سے کوالیفائی کرنے والی دوسری ٹیم بن گئی۔

سری لنکا نے گروپ۔B سے سُپر–آٹھ کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے، جبکہ اُس کا ایک میچ ابھی باقی ہے۔

ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں اسکاٹ لینڈ اور نیپال کے درمیان دن کا تیسرا میچ جاری ہے۔ اسکاٹ لینڈ نے نیپال کو جیت کیلئے 171رن کا نشانہ دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆